www.KitaboSunnat.com



# ورلڈ شریعت کونسل قصور کی تنظیم و تشکیل

مورخہ ۵ ستمبر ۱۹۹۵ء کو اہلحدیث وکلاء قصور کے زیر اہتمام ضلع کچہری قصور میں ایک اجلاس ہوا۔ جس میں ورلڈ شریعت کونسل اور جمعیت وکلاء اہلحدیث قصور کی تنظیم و تشکیل کی گئی۔ شرکاء مندرجہ ذیل تھے:

۱۔ محترم جناب حافظ عبدالرحمن مدنی صاحب (نائب صدر ورلڈ شریعت کونسل) —— ۲۔ محترم جناب خواجہ حفیظ اللہ صاحب، ایڈووکیٹ —— ۳۔ محترم میاں جمشید حسین کھوکھر، ایڈووکیٹ (صدر ڈسٹرکٹ بارایسوسی ایشن قصور) —— ۴۔ سردار محمد احمد، ایڈووکیٹ (نائب صدر ڈسٹرکٹ بارایسوسی ایشن قصور) —— ۵۔ میاں محمود احمد، ایڈووکیٹ —— ۶۔ مفتی کفایت اللہ، ایڈووکیٹ —— ۷۔ چوہدری محمد نعیم، ایڈووکیٹ —— ۸۔ چوہدری محمد یعقوب، ایڈووکیٹ —— ۹۔ چوہدری محی الدین، ایڈووکیٹ —— ۱۰۔ عطاء اللہ بھٹی، ایڈووکیٹ —— ۱۱۔ حاجی صدیق اکبر انصاری، ایڈووکیٹ —— ۱۲۔ محمد رفیق چوہدری، ایڈووکیٹ —— ۱۳۔ چوہدری عبدالمجید، ایڈووکیٹ —— ۱۴۔ چوہدری مدثر نواز، ایڈووکیٹ —— ۱۵۔ چوہدری عبدالرشید خان، ایڈووکیٹ —— ۱۶۔ محمد شفیق اکرم اعوان، ایڈووکیٹ —— ۱۷۔ حاجی محمد حنیف کمبوہ، ایڈووکیٹ —— ۱۸۔ محمد ظفر اقبال، ایڈووکیٹ —— ۱۹۔ ایم سرور خان سنگل، ایڈووکیٹ —— ۲۰۔ ملک غلام قادر، ایڈووکیٹ —— ۲۱۔ چوہدری اصغر علی گجر، ایڈووکیٹ —— ۲۲۔ چوہدری مسعود احمد ظفر، ایڈووکیٹ —— ۲۳۔ رانا محمد سرور، ایڈووکیٹ —— ۲۴۔ چوہدری محمد شریف زاہد، ایڈووکیٹ —— ۲۵۔ چوہدری محمد شفیق، ایڈووکیٹ —— ۲۶۔ سردار محمد انور تمیم، ایڈووکیٹ —— ۲۷۔ مولانا عبدالعظیم انصاری (امیر جمعیت اہلحدیث قصور) —— ۲۸۔ پروفیسر عبدالغفور راشد (ناظم اعلیٰ جمعیت اہلحدیث قصور) —— ۲۹۔ قاری محمد حنیف طیب (ناظم مرکزی جمعیت اہلحدیث، قصور) —— ۳۰۔ پروفیسر عبدالحکیم سیف (مہتمم جامعہ محمدیہ قدوسیہ کوٹ رادھاکشن قصور) —— ۳۱۔ پروفیسر زاہد احمد (گورنمنٹ ڈگری کالج، قصور) —— ۳۲۔ پروفیسر طاہر حسین (گورنمنٹ ڈگری کالج قصور) —— ۳۳۔ چوہدری نعمت علی کوکب —— ۳۴۔ ڈاکٹر عبدالعلیم (نائب ناظم جمعیت اہلحدیث، قصور) —— ۳۵۔ مولانا محمد ابراہیم خادم قصوری —— ۳۶۔ مولانا محمد ابراہیم کاظم (نائب امیر جمعیت

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اہلحدیث ضلع قصور) ــــ ۳۷- مولانا محمد اکرم سالک (ناظم نشرواشاعت اہلحدیث، قصور) ــــ ۳۸- قاری محمد صدیق الحسن ــــ ۳۹- حافظ احسان الرحمٰن (صدر اہلحدیث یوتھ فورس سٹی قصور) ــــ ۴۰- خلیل الرحمٰن ثاقب (جنرل سیکرٹری، اہلحدیث یوتھ فورس ضلع قصور) ــــ ۴۱- شیخ محمد فاروق ــــ ۴۲- حافظ محمد طاہر ــــ ۴۳- پروفیسر محمد سعید عابد ــــ ۴۴- فیاض احمد ــــ ۴۵- محمد شریف ــــ ۴۶- اعجاز احمد ــــ ۴۷- ظفر شیر انصاری ــــ ۴۸- حفیظ الرحمٰن یزدانی ــــ ۴۹- اختر حسین ــــ ۵۰- محمد اسماعیل ــــ ۵۱- ملک نذیر احمد ــــ ۵۲- قاری محمد منیر قاسم ــــ ۵۳- مولانا معراج الدین معراج ــــ ۵۴- افتخار احمد ــــ ۵۵- محمد نذیر ــــ ۵۶- عبدالعزیز ــــ ۵۷- عمر فاروق خان ــــ ۵۸- حافظ محمد طارق ــــ ۵۹- سیف اللہ خالد ــــ ۶۰- مولانا بشیر احمد ــــ ۶۱- مولانا سید نوراللہ شاہ ــــ ۶۲- فضل دین ــــ ۶۳- ڈاکٹر محمد یعقوب ــــ ۶۴- اصغر علی ارشد ــــ ۶۵- عامر محمود ــــ ۶۶- پروفیسر محمد اسلم چوہدری صاحب

## کاروائی اجلاس جمعیت وکلاء اہلحدیث قصور

مورخہ ۵ ستمبر ۱۹۹۵ء کو بوقت ۳ بجے سہ پہر بار روم ضلع کچہری قصور میں وکلاء اہلحدیث قصور کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں وکلاء کے علاوہ ضلع قصور کے سرکردہ علماء، پروفیسر اور ڈاکٹر صاحبان نے خاص طور پر شرکت کی۔ نوعیت کے اعتبار سے اگرچہ قصور میں یہ پہلا اجلاس تھا بہرحال اس کے باوجود حاضری بہت تسلی بخش تھی۔ تمام حضرات نے بڑے جوش، جذبہ اور خلوص کے ساتھ شرکت کی۔ لاہور سے جناب مولانا حافظ عبدالرحمٰن مدنی صاحب (ڈائریکٹر انسٹی ٹیوٹ آف ہائر سٹڈیز۔ شریعت و قضا) مہمان خصوصی کی حیثیت سے تشریف لائے جن کے ہمراہ جناب خواجہ حفیظ اللہ، ایڈووکیٹ بھی تھے۔

اجلاس کی باقاعدہ کاروائی تلاوت قرآن پاک سے ہوئی۔ جناب قاری محمد اکرم سالک صاحب کی تلاوت کے بعد مولانا معراج الدین صاحب نے نعت پڑھی۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض میاں محمود احمد (ایڈووکیٹ) نے انجام دیئے۔

چوہدری محمد نعیم (ایڈووکیٹ) نے حاضرین اور مہمانوں کا شکریہ ادا کیا انہوں نے کہا کہ حاضرین کا جذبہ، خلوص اور تعاون اسی طرح رہا تو ان شاء اللہ نفاذ شریعت کی کامیابی میں ہم اہم کردار ادا کر سکیں گے۔ مزید کہا کہ اس وقت ہمارے معاشرے میں جو معاشرتی، معاشی، سیاسی اور اخلاقی خرابیاں پیدا ہو چکی ہیں ان کو ختم کرنے کی طرف توجہ دینی چاہیے۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مفتی کفایت اللہ، ایڈووکیٹ قصور نے اپنی تقریر میں نفاذ شریعت کے روشن دور میں عدل و انصاف کی مثالیں دیں اور موجودہ حالات کا جائزہ پیش کیا۔ کہا کہ اگر ایمان کی مضبوطی ہو تو پھر صحیح عدل ہو سکتا ہے۔ مزید کہا کہ ہمیں رسول کریم ﷺ، خلفائے راشدین اور دیگر خلفاء کے اصولوں اور فیصلوں سے رہنمائی حاصل کرنی چاہئے تاکہ ہم اپنے معاشرے کو اسلام کے مطابق ڈھال سکیں۔

جناب خواجہ حفیظ اللہ صاحب، ایڈووکیٹ ہائی کورٹ (جنرل سیکرٹری ورلڈ شریعت کونسل نے کہا کہ قصور میں ورلڈ شریعت کونسل اور جمعیت وکلاء اہلحدیث دونوں کو منظم اور فعال کیا جائے۔ مزید کہا کہ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان مقبوضہ کشمیر میں مجاہدین بھیج رہی ہے جو کہ وہاں انڈین آرمی کا ڈٹ کر مقابلہ کر رہے ہیں، اور متعدد مجاہدین، کافروں کا مقابلہ کرتے ہوئے شہید بھی ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی جمعیت اہلحدیث کے شعبہ جہاد کی ذمہ داری مجھ پر ہے۔ انہوں نے وکلاء قصور کو دعوت دی کہ آپ ہمارے ساتھ کشمیر چلیں تاکہ ہم آپ کو مجاہدین کے کارنامے اور خدمات دکھا سکیں۔

آخر میں انہوں نے چوہدری محمد نعیم (ایڈووکیٹ) کو ورلڈ شریعت کونسل کا مرکزی رابطہ سیکرٹری اور مفتی کفایت اللہ (ایڈووکیٹ) کو جمعیت وکلاء سلفیہ، قصور کا کنونیز مقرر کیا۔ تاکہ قصور میں دونوں تنظیموں کو منظم کیا جا سکے۔

جناب مولانا حافظ عبدالرحمن مدنی صاحب، نائب صدر ورلڈ شریعت کونسل کی تقریر پر مغز اور علمی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ان کا ادارہ انسٹی ٹیوٹ آف ہائر سٹڈیز۔ شریعہ اور جوڈیشری لاہور علمی خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے ہاں ہائی کورٹ لاہور کے جج صاحبان، سیشن جج صاحبان اور سول جج صاحبان کی ایک بڑی تعداد تربیت حاصل کر چکی ہے۔ اس کے علاوہ وکلاء کو بھی ان کا ادارہ مختلف کورس کروا چکا ہے۔ اس ادارہ میں بڑے بڑے سکالر علماء لیکچر دیتے رہے ہیں جو کہ قرآن و حدیث کی روشنی میں اسلامی قوانین سے آگاہ کرتے ہیں یہ کورسز وقتاً فوقتاً ہوتے رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس طریقے پر وہ نفاذ شریعت کے لیے عملی جدوجہد کر رہے ہیں۔ مزید کہا کہ قصور کے علماء اور وکلاء کا جذبہ خلوص قابل قدر ہے، اور اگر یہ دونوں طبقے مشترکہ طور پر سنجیدگی سے کوشش کریں تو اسلامی نظام کے نفاذ میں کافی مدد مل سکتی ہے۔ مزید کہا کہ ورلڈ شریعت کونسل کے تحت مختلف قسم کے مذاکرے، سیمینار منعقد کروائے جائیں گے۔ تاکہ علمی اعتبار سے فائدہ حاصل ہو سکے۔

آخر میں مولانا عبدالعظیم انصاری، امیر سٹی قصور مرکزی جمعیت اہلحدیث نے دعا کروائی اور اجلاس اختتام پذیر ہوا۔ OO

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ